94

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

| Version No. | 4 | 3 | 8 | 1 |
|---|---|---|---|---|

وقت: 25 منٹ    حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ۱:** مہیا کی گئی اوایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کا درست جواب A/B/C/D منتخب کر کے متعلقہ دائرہ (Bubble) پُر کریں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(1) سوانح نگاری کی ایک صورت کا نام ________ ہے۔

A شخصیت نگاری　B مرقع نگاری　C سیرت نگاری　D حیات نگاری

(2) گنجے فرشتے کے مصنف کون ہیں؟

A محمد طفیل　B سعادت حسن منٹو　C رشید احمد صدیقی　D عبدالحق

(3) سبق ''رحمت اللعالمین'' قاضی محمد سلیمان سلمان کی کون سی کتاب سے لیا گیا ہے؟

A سفرنامہ حجاز　B سیرت النبیؐ　C رحمت اللعالمینؐ　D تاریخ

(4) ذیل میں سے کسے بابائے اردو کہا جاتا ہے؟

A قائداعظم　B مولوی عبدالحق　C ولی دکنی　D سید عبداللہ

(5) رشید احمد صدیقی ممتاز درجہ رکھتے ہیں:

A طنزومزاح میں　B تاریخ نگاری میں　C غزل میں　D حمد میں

(6) شاملِ نصاب ''بے ترتیبی'' کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟

A مضمون　B انشائیہ　C ناول　D تنقید

(7) ابنِ انشا کس صنفِ ادب میں نمایاں ہیں؟

A تنقید　B تاریخ نگاری　C طنزومزاح　D شاعری

(8) کس شاعر کو جنگِ آزادی کے بعد انگریزوں نے رنگون جلاوطن کر دیا تھا؟

A مرزا غالبؔ　B حیدر علی آتشؔ　C بہادر شاہ ظفرؔ　D ابراہیم ذوقؔ

(9) کس شاعر کو اردو غزل کا امام و پیشوا بھی کہا جاتا ہے؟

A میر دردؔ　B میر سوزؔ　C میر خلیقؔ　D میر تقی میرؔ

(10) کس شاعر کو اسلامی نشاۃ ثانیہ کا سب سے بڑا علمبردار کہا جاتا ہے؟

A مولانا ظفر علی خان　B حسرت موہانی　C مومن خان مومنؔ　D علامہ اقبالؒ

(11) ''کافی'' قومی مشروب ہے:

A افریقہ کا　B امریکہ کا　C جاپان کا　D انگلستان کا

(12) 'الفاظ کی کہانی' ________ کہانی کہلاتی ہے۔

A علمی ترقی کی　B ادبی معراج کی　C انسانی ارتقا کی　D زوال کی

(13) قرآن نے کتابیں پڑھ کر نہ سمجھنے والے کو کس جانور سے تشبیہ دی ہے؟

A گدھا　B گھوڑا　C خچر　D اونٹ

(14) جگر مرادآبادی کس شاعر سے اصلاح لیتے تھے؟

A حسرت موہانی سے　B اصغر گونڈوی سے　C اقبالؒ سے　D فانی سے

(15) میر تقی میرؔ کی شاعری کا اہم ترین موضوع ________ ہے۔

A غم والم　B تصوف　C مصائبِ دنیا　D معاملاتِ عشق

(16) اوائل عمر میں باقتضائے آئینِ ملکی سقراط کو جانا پڑا:

A پولیس میں　B محکمہ دفاع میں　C محکمہ تعلیم میں　D فوج میں

(17) اصنافِ سخن میں ناصر کاظمی نمائندے ________ ہیں۔

A نظم کے　B شہر آشوب کے　C مرثیہ کے　D غزل کے

(18) ''رگِ مینا'' اور ''صلیبِ فکر'' کس شاعر کے مجموعے ہیں؟

A رحمان بابا　B ظفر علی خان　C انعام الحق　D رضا ہمدانی

(19) مصرع مکمل کریں: جب کھیتی ویران ہوئی اور ________ ترسا

A بچہ بچہ　B پودا پودا　C خوشہ خوشہ　D دانہ دانہ

(20) کس شاعر کا زیادہ تر کلام نعتوں پر مشتمل ہے؟

A میاں محمد بخش　B رحمان بابا　C غالبؔ　D محسن کاکوروی

---

95

# اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی-II

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اورسوم: 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2 - 1 پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر ۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (10x3=30)

(i) قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری نے ''رحمۃ اللعالمینؐ '' لکھتے وقت کن باتوں کو مدِ نظر رکھا؟

(ii) مولانا الطاف حسین حالیؔ تعلیم یافتہ نوجوانوں کی کس طرح حوصلہ افزائی کرتے تھے؟

(iii) ڈاکٹر سید عبداللہ کے اسلوبِ بیان کی خصوصیات لکھیں۔

(iv) ''الفاظ کی کہانی'' کے حوالے سے لفظ ''عیش'' کی وضاحت کریں۔

(یا)

نیاز فتح پوری اپنی تحریروں کے سبب نوجوان طبقے میں زیادہ مقبول رہے۔وجہ بتایئے۔

(v) علامہ اقبالؒ کے خطوط کے بہت سے مجموعے چھپ چکے ہیں آپ کوئی سے چار مجموعوں کے نام بتایئے۔

(vi) مقطع کسے کہتے ہیں؟ مثال دے کر وضاحت کریں۔

(vii) سحر البیان اپنے عہد کی آئینہ دار مثنوی ہے۔کیسے؟

(یا)

مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔

ا۔ اضطراب ۲۔ معتبر ۳۔ ملتجی

(viii) مولانا ظفر علی خان کی خصوصیاتِ کلام بیان کریں۔

(ix) ''عیب جوئی کی مذمت'' میں انسان کے کون سے عیب گنوائے گئے ہیں؟

(x) مصحفی سے اصلاح لینے والے مشہور شعرا کے نام بتایئے۔

(یا)

شعر مکمل کریں: ع تیرے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا

سوال نمبر ۳: سبق اور مصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+4=6)

الف۔ آج کل تو ہمارے اکثر شاعر لَے سے یا خاص طور پر گا کر پڑھتے ہیں، ان کا ذکر نہیں،لیکن جو تحت اللفظ پڑھتے ہیں،ان میں بعض طرح طرح سے چشم و ابرو، ہاتھ،گردن اور دوسرے اعضا سے کام لیتے اور بعض اوقات ایسی صورتیں بناتے ہیں کہ بے اختیار ہنسی آجاتی ہے۔مولانا سیدھے سادے طور سے پڑھتے تھے۔البتہ موقع کے لحاظ سے اس طرح ادا کرتے تھے کہ اس سے اثر پیدا ہوتا تھا۔

ب۔ دریا اور زندگی دونوں پر بند باندھنا پڑتا ہے تا کہ ضائع ہونے سے بچ جائے۔دریا کو مٹی کا بند درکار ہے اور پیکرِ خاکی کو ضبط کا مضبوط بند۔بلوچستان میں بہت سے پہاڑی ندی نالے ہیں۔جو چڑھتے تو بہت زور و شور سے ہیں مگر صرف ذرا سی دیر کے لیے اور تھوڑی دور تک۔پاٹ تک پہنچتے پہنچتے وہ اتنے رقبے تک پھیل جاتے ہیں کہ سارا زور ٹوٹ جاتا ہے اور وہ میدان پار کرنے سے پہلے ہی خشک ہو جاتے ہیں۔مسافر نے بہت سی باصلاحیت جوانیوں کو بلوچستان کے نالوں کی طرح چڑھتے اور سوکھتے دیکھا ہے۔چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانے کا اصول دولت،دریا اور جوانی تینوں پر بلا استثنا عائد ہوتا ہے۔

**سوال نمبر۴:** کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: **(1+4=5)**

الف۔
دیے ہر طرف آئینے جو لگا
گیا چوگنا لطف اس میں سما
وہ مخمل کا فرش اس کا ستھرا کہ بس!
بڑھے جس کے آگے نہ پائے ہوس
رہیں لخلخے اس میں روشن مدام
معطر شب و روز جس سے مشام

ب۔
نہیں موقوف خلاقی تری اس ایک دنیا پر
کیے ہیں ایسے ایسے سیکڑوں پیدا جہاں تو نے
کسی کو تا کہ اپنی سر بلندی پر نہ غرہ ہو
ازل سے کی نگوں ساری نصیبِ آسماں تو نے

**سوال نمبر۵:** کوئی سے تین غزلیہ اشعار کی فرداً فرداً تشریح کیجیے اور ہر شعر کے خالق کا نام بھی لکھیے: **(3+3+3=9)**

الف۔
یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسماعیل کو آدابِ فرزندی

ب۔
دوست غم خواری میں میری سعی فرمائیں گے کیا
زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ جائیں گے کیا

ج۔
چین آتا ہی نہیں سوتے ہیں جس پہلو، ہمیں
اضطرابِ دل غرض جینے نہ دے گا تو ہمیں

د۔
متاعِ بے بہا ہے درد و سوزِ آرزومندی
مقامِ بندگی دے کر نہ لوں شانِ خداوندی

ہ۔
منعم کے پاس قاقم و سنجاب تھا تو کیا
اس رند کی بھی رات گزر گئی جو عور تھا

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

**سوال نمبر۶:** مولوی عبدالحق کو اردو زبان وادب سے گہری محبت تھی۔ حالاتِ زندگی بتاتے ہوئے وضاحت کریں۔ **(10)**

(یا)

مضمون اور انشائیہ کا تعارف کروایئے اور دونوں میں فرق واضح کریں۔

**سوال نمبر۷:** اردو میں طنز و مزاح کی روایت پر نوٹ لکھیں۔ **(10)**

(یا)

مکتوب نگاری پر جامع نوٹ قلم بند کریں۔

**سوال نمبر۸:** تشبیہ کی تفصیلی وضاحت کریں۔ **(10)**

(یا)

کنایہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اقسام کی وضاحت کریں۔

——2HA 1938——